© rasailojaraid.com

درود وسلام کے ۱۶۷ صیغے نقل کیے ہیں، اور اس کے ساتھ ۲۰۱ اسماء مبارکہ مع مناقب عالیہ اکٹھے کیے ہیں، اللہ مولف کو اس عظیم کاوش پر اجر دارین سے نوازیں۔ اور عامۃ المسلمین کو اس سے مستفید ہونے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ امین

---

کتاب: خطبات امینؒ صاحب خطبات مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمہ اللہ

مرتب: محمد ظفر اقبال صاحب ضخامت: ۵۲۰ صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: مکتبۃ الحبیب نزد جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی نمبر 5

مناظر اسلام وکیل احناف حضرت مولانا محمد امین صاحب صفدر اوکاڑویؒ کی گوناگوں علمی خدمات اور مسلک حقہ کے دفاع کے لئے ان کی ان تھک کوششیں ایک عالم پر عیاں ہیں، اور آپ کے علمی چشمہ صافی سے تشنگانِ علم و تحقیق اپنی تشنہ کامی کا مداوا کر رہے ہیں۔

آپ کے سانحہ ارتحال کے بعد انتہائی قلیل مدت میں آپ کے افادات خطبات اور تجلیات زیور طباعت سے آراستہ ہوئے۔ اسی طرح آپ کی شخصیت پر بھاری بھرکم خصوصی نمبرات بھی بعض مدیران جرائد اور اداروں نے نکالے۔ جو کہ آپ کی مقبولیت اور علمی طبقہ میں محبوبیت کی واضح اور بیّن دلیل ہے۔

زیر تبصرہ خطبات امین بھی اسی سلسلہ کی ایک معتمد اور مستند کڑی ہے، کتاب کے مرتب جناب محمد ظفر اقبال صاحب نے انتہائی عرقریزی سے یہ جواہر ریزے عامۃ المسلمین کے لئے عموماً اور حضرت اوکاڑویؒ کے عقیدت کیشوں کیلئے بالخصوص منتخب کیے ہیں، جس پر وہ بجا طور پر داد اور خراج تحسین کے مستحق ہیں، کتاب پر عمومی تبصرہ کی بجائے خود مرتب کے اس پیراگراف پر اکتفا کرتا ہوں۔ جو کہ حرف بحرف ان خطبات پر صادق آتا ہے۔

''یہ کتاب جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے میرے حضرت اقدس کی وسعت مطالعہ علم و عرفان اور علمی تبحر کا زندہ جاوید ثبوت ہے ان خطبات کا ایک ایک لفظ اللہ اور اس کے رسول ﷺ صحابہ کرام و اہل بیت عظامؓ اولیائے امت اور خصوصاً سیدنا امام اعظم ابوحنیفہؒ کی محبت کا ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر میں غوطہ زن ہے کے مطالعہ سے آپ کی روح کو بالیدگی علم کو پختگی عقائد کو درستگی عمل کو وارفتگی سوچ کو وسعت نظر کو سرور دل کو نور اور اذہان و عمل کو دینی سرشاری و بیداری کی دولت کبریٰ اور نعمت عظمٰی نصیب ہوگی۔ اس کے مطالعہ سے شکوک و شبہات کے داغ دھلیں گے۔ اور انشاء اللہ آپ عقائد و اعمال کی دنیا میں بیداری کا ثبوت دیں گے۔'' معنوی اعتبار سے حسین ہونے کے ساتھ ساتھ ظاہری لحاظ سے بھی کتاب انتہائی خوبصورت اور دیدہ زیب ہے۔

البتہ جا بجا اس میں کمپوزنگ اور پروف کی غلطیاں ہیں اس کی طرف دوسری اشاعت میں ضرور توجہ دی جائے۔

© rasailojaraid.com